رہبر معظم کا ڈاکٹر علی محمدی کی شہادت پر تعزیتی پیغام - 15 /Jan/ 2010

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے یونیورسٹی کےاستاد آقائ ڈاکٹر مسعود علی محمدی کی شہادت پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یونیورسٹی کے ممتاز استاد مرحوم آقائ ڈاکٹر مسعود علی محمدیرضوان اللہ علیہ کی دردناک شہادت پر مرحوم کی والدہ محترمہ ، ہمسر ، خاندان والوں، دوستوں ، شاگردوں اور ساتھیوںکو مبارک باد اور تعزیت پیش کرتا ہوں ۔

مرحوم کی شہادت سے اسلامی جمہوریہ ایران کے دشمنوں کے ناپاک عزائم برملا ہوگئے ہیں جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ایران کے دشمن ایران کی علمی و سائنسی پیشرفت و ترقی کو روکنے کے لئے اس قسم کے سفاکانہ اقدام کو انجام دیتے ہیں ۔بیشک ایران کے اساتذہ ، محققین اور سائنسی ماہرین اپنی علمی جد جہد کے ذریعےدشمنوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنادیں گے۔اللہ تعالی کی بارگاہ سے شہید کے درجات کی بلندی اور شہید کے اہل خانہ کے لئے صبر جمیل طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

25/دی/ 1388